لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

نمبر ۔ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ماہ شعبان المعظم ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۱ ماہ فروری ۱۹۲۷ء — جلد ۳۹

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

اضافہ

۲ ماہ فروری ۱۹۲۷ء

حسب عرضداشت صاحب فائنینشل سکرٹری بہادر در بارہ اضافہ دس دس روپیہ ماہوار تنخواہ بابو سری رام پیشکار شاہجہاں [illegible] و سید علی عباس پیشکار شاہجہاں [illegible] از یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ

حکم

سید علی عباس اور سری رام پیشکاران فائنس آفس کی تنخواہون مین دس دس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ فروری ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات دربارہ منظوری رخصت تین ہفتہ بلا تنخواہ بسلسلہ سابقہ از یکم فروری ۱۹۲۶ء سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانجات۔

حکم

بموجب رپورٹ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات کی رخصت تین ہفتہ بلا تنخواہ بسلسلہ سابقہ یکم فروری ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اجازت

۱۳ فروری ۱۹۲۶ء

مثنہ عرضی محمد قسیم و عزیز احمد ملازمان سابق موقوف شدہ دربارۂ عطائے ملازمت بوقت خلوے جگہ بلحاظ سفارش جنرل سی بی۔ سی فولڈ صاحب بہادر۔

حکم

محمد قسیم و عزیز احمد سابق برخاست شدہ کو اب آیندہ ملازمت کی اجازت دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ فروری ۱۹۲۶ء

دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی یکماہ ماسٹر لاڈلے بہاری لال ٹیچر ہائی اسکول از ۹ فروری ۱۹۲۶ء۔

حکم

ماسٹر لاڈلے بہاری لال ٹیچر ہائی اسکول کی مزید رخصت رعایتی ایک ماہ ۹ فروری ۱۹۲۶ء سے بانتظام موجودہ منظور ہے۔

بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میر ساماں

جناب عالی

ماسٹر لاڈلے بہاری لال بی اے ٹیچر ہائی اسکول کی آنکھین ابھی صاف نہین ہوئی ہین وہ ۹ فروری ۱۹۲۶ء سے ایک ماہ کی مزید رخصت رعایتی کی استدعا کرتے ہین بدانست ترقیخواہ اس عذر بیماری کی وجہ سے بطور خاص انکی رخصت رعایتی قابل منظوری ہے۔ انکی جگہ بدستور سید مسعود احمد بی۔ اے۔ ایام رخصت مین کام کرینگے اور پچہتر روپیہ تنخواہ پائینگے۔ لہذا عرضداشت ہذا امیدوار صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

[illegible] دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری [illegible] مورخہ ۱۵ فروری [illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ المرقوم ۱۵ فروری ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ فروری ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر صاحب مجسٹریٹ سرسری دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ ۱۵ یوم سید عزیز حیدر اہلمد سرسری۔

حکم

مزید رخصت پندرہ ۱۵ یوم کی بمنشاء حکم سابق بعوض موجودہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۳ فروری ۱۹۲۶ء

عبد الحمید مدرس پٹوائی تحصیل شاہ آباد فراری عورت کے جرم مین ماخوذ ہوا تھا۔ اگرچہ مستغیث نے دست برداری دیدی ہے۔ لیکن ایسے قبیح جرم مین

مشتبہ ہو جانے کے بعد اُسکو مدرسی پر بحال نہیں کیا جا سکتا - لہذا عبد الحمید مذکور برخاست کیا گیا - بنابران

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۴ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

منشی احمد حسین ہلپر دفتر انسپکٹری مدارس کا نام بوجہ فوتی ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۶ء ملازمت سے خارج کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۱۵ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

بقصور غیر حاضری و نہ ہونے رجسٹر حاضری موجودہ بمدرسہ - مسمی ٹیکا رام مدرس چیرا پرگنہ سوار پر دو روپیہ جرمانہ کیا گیا - اور ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۶ء کی [illegible] غیر حاضری وضع ہوگی - لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۵ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

منشی احمد حسین ہلپر انسپکٹری کا انتقال ہو گیا - تا مردہ کے ایام رخصت میں مسعود احمد ایک شخص کو امتحاناً عوض مقرر کیا گیا تھا - مگر چند ہی روز کے تجربے سے معلوم ہوا کہ وہ اس جگہ پر کام نہیں کر سکتا - اجلاس میں طلب کر کے مسعود احمد سے ایک کاغذ کی نقل کرائی گئی وہ بھی اُس نے بہت تامل سے کی - ایسی صورت میں اُسکا تقرر نامناسب ہے منشی احمد حسین بہت پرانے ملازم تھے - اُنکا پسر داود حسین جوان اور مڈل فیل ہے - حساب وغیرہ سے بھی واقف ہے - باعتبار منشی احمد حسین کی دیرینہ ملازمت کے اس سلسلہ میں داود حسین کو جگہ دینا مناسب ہے - سررشتہ انسپکٹری میں کارکردہ اور ہوشیار شخص کی ضرورت ہے باعتبار اسلوبی کام یہ مناسب ہے کہ دفتر انسپکٹری میں ایک ہلپر رہے - اور کل کام کا وہ ذمہ دار ہو - اور ایک اُسکا معاون ہو - کیونکہ تقسیم کام کی وجہ سے ہمیشہ دشواریاں پیش آتی رہتی ہیں - اور اجلاس میں اسکی نسبت بار بار رپورٹیں پیش ہو چکی ہیں - لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے -

(۱) امیر احمد خان پیش مستقل ہلپر رہیگا اُسکی موجودہ تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے -

(۲) محمد یعقوب خان جو چند سال سے محمد اللہ خان کا عوض ہے - اور محافظ خانہ دیوانی میں محرر ڈاک کا کام انجام دے رہا ہے - نہایت ہوشیار اور حساب دان ہے - وہ پندرہ روپیہ تنخواہ پر معاون ہلپر انسپکٹری مقرر کیا جاتا ہے یعقوب خان حسب ہدایت انسپکٹر صاحب مدارس کام کریگا - اور اُس کام کا ذمہ دار رہیگا -

(۳) داود حسین پسر منشی احمد حسین محافظ خانہ دیوانی میں محمد اللہ خان کا عوض مقرر کیا جاتا ہے - داود حسین کو محمد اللہ خان کی تنخواہ میں سے پندرہ روپیہ ماہوار ملیں گے - داود حسین سے اگر کام نہ چلے تو محافظ دفتر دیوانی اُسکی نسبت ہر وقت رپورٹ کر سکتے ہیں -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب آف ہوس ہولڈ دربارہ منظوری اضافہ مبلغ آٹھ روپیہ ماہانہ منشی احمد نبی فارسی رجسٹرار کتب خانہ تنخواہ سترہ روپیہ بلحاظ محنت و مستعدی -

حکم

بالفعل پانچ روپیہ ماہواری تنخواہ میں اضافہ کیا جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکرٹیری بہادر تعمیرات

رخصت

۱۰ فروری ۱۹۲۰ء

مثبتہ تحریر صاحب ایگزیکٹو انجنیر دربارہ منظوری رخصت سہ ماہہ منشی احمد شاہ خان معاون اہلمد دفتر تعمیرات ۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجنیر منشی احمد شاہ خان معاون اہلمد دفتر تعمیرات بیرونجات کی تین ماہ کی رخصت بوضع کل تنخواہ منظور کیجاتی ہی بجاے نامبردہ سید حشمت علی پسر سید احمد علی بطور عوض مقرر کیا جاے نامبردہ کو ایام کارکردگی کی وہی تنخواہ ملیگی جو رخصتی پاتا تھا ۔ بغرض اجراے احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب سکرٹیری بہادر تعمیرات

اضافہ

۱۰ فروری ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ ایگزیکٹو انجنیر صاحب دربارہ اضافہ مبلغ پانچروپیہ ماہوار منشی سندر لال اسٹورکیپر ٹیلیفون مشاہرہ تیرہ روپیہ بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ وقلت تنخواہ ۔

حکم

حسب رپورٹ ایگزیکٹو انجنیر صاحب منشی سندر لال اسٹورکیپر ٹیلیفون کی تنخواہ موجودہ تیرہ روپیہ ماہوار میں مبلغ دو روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے بغرض اجراے احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب سکرٹیری بہادر تعمیرات

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے ۔ خود بھی خرید فرماکر پڑہیے اور احباب کو دکھائیے ۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اُسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ..... ۱۰ ؍ ہی

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اُسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ..... ۱۲ ؍ ہی

العدل ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی۔ جسمین حق تعالے کی عدالت وحکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ..... ۱؎ ہی

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی جو دراصل محمد بن عقیل حضرمی کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک ... ۱؎ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے ۔

ذوالفقار حسین مہتمم نادرات ریاست رامپور

مطبوعہ ۱۴ فروری ۱۹۲۶ء

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور ابتدا ۷ لغایت ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	ر۱۰۵		ر۱۰۵	ر۱۰۵	ر۶	ر۶	
نخود خالص	ر۱۰۶		ر۷	ر۱۰۶	ر۱۰۶	ر۷	
نخود کتہ آمیز	ر۱۰۷		ر۱۰۷	ر۷	۰	ر۱۰۶	
کتہ	ر۷		ر۸	ر۱۰۷	۰	ر۷	
ماش	ر۱۰۵		ر۱۰۵	ر۱۰۵	ر۱۰۵	ر۵	
مونگ	ر۴		ر۵	ر۱۰۴	۰	ر۵	
مکا	ر۱۰۷		ر۸	ر۱۰۷	ر۱۰۸	ر۷	
جنی	ر۹		۰	ر۹	۰	ر۱۰	
گوجنی	ر۱۰۵		۰	ر۷	۰	ر۸	
مسور	ر۶		۰	ر۵	۰	ر۶	
ارہر	نرخ بازار		۰	۰	۰	ر۸	
برنج	ر۵		ر۱۰۵	ر۱۰۵	ر۱۰۵	ر۵	
روغن زرد	ر۱۰۴		ر۱۰۵	ر۱۰	ر۱۰	ر۱۰	
روغن سیاہ	ر۱۱		[illegible]	ر۱	ر۱۱	ر۱۰۱	
روغن کنجد	ر۱۱		ر۱	ر۱۱	ر۱۱	ر۱۴	
نمک سانبھر	ر۱۲		ر۱۲	ر۱۱	ر۱۲	ر۹	
نمک لاہوری	ر۶		ر۶	۰	۰	ر۱۲	
قند سیاہ	ر۶		ر۷	ر۶	ر۱۰۶	ر۸	
باجرہ	ر۱۰۷		ر۸	۰	۰	ر۷	

سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی اول سن ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء لغایت دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	درندہ و جانور کے کاٹے سے	طاعون	ازخانہ نمبر ۱۹ لغایتہ خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۸۲	۳۱	۴۷	۱۸۳	۱۲۸	۵۵	۴۷	۳۳	۲	۵	۶۰	۶۲	۱۱۹	۱۰۲	۱۴۹	۵۲	۶	۱۵	۰	۲۰۰	۰	۰	۰	۰	۲۲۱	
گنج	۴۷	۸	۴۶	۵	۸۵	۷۴	۱۳	۳۵	۱۹	۴	۱	۵۷	۶۳	۹۶	۴۳	۱۴۵	۱۴	۱۵	۲	۰	۱۴۲	۰	۰	۰	۱۵۹	
حوالیٔ شہر	۱۸	۱۹	۲۳	۱۶	۵۱	۴۱	۳۵	۱۵	۱۷	۲	۱	۴۶	۱۱	۴۷	۲۴	۵۱	۲۰	۰	۰	۰	۷۱	۰	۰	۰	۷۱	
حکیم نگر	۴۸	۵۴	۴۴	۵۰	۲۱۵	۱۱۱	۱۰۴	۳۵	۳۵	۵	۹	۶۳	۴۴	۱۰۳	۹۰	۱۱۹	۷۷	۰	۰	۰	۱۹۲	۱	۰	۰	۱۹۳	
شاہ آباد	۳۲	۲۲۹	۲۶	۸۵	۲۶۵	۶۱	۲۱۳	۲۸	۲۴	۱۶	۱۵	۶۳	۶۲	۱۰۶	۱۰۱	۴۹	۱۵۹	۰	۳	۰	۲۰۵	۰	۰	۰	۲۰۸	
بھوائی	۴۲	۸۸	۱۵	۹۰	۲۱۴	۳۸	۱۷۸	۲۱	۱۶	۳	۳	۳۸	۳۵	۴۴	۵۴	۲۱	۹۵	۱۵	۰	[illegible]	۱۰۱	۰	۰	۰	۱۱۶	
ملک	۴۴	۱۲۴	۱۶	۱۳۵	۳۳۹	۴۰	۲۹۹	۵۶	۵۰	۶	۶	۸۱	۷۶	۱۴۳	۱۲۲	۴۲	۲۰۳	۰	۱۱	۰	۲۵۳	۱	۰	۰	۲۶۵	
بلاسپور	۹۳	۵۴	۴۹	۴۶	۲۱۲	۱۰۰	۲۰	۱۶	۳	۶	۶۲	۳۶	۹۵	۵۸	۹۶	۵۶	۰	۰	۱۵۱	۲	۰	۰	۰	۰	۱۵۳	
کیمری	۱۳	۴۰	۵	۳۴	۹۳	۱۸	۷۴	۶	۶	۴	۲	۲۰	۱۲	۳۰	۲۰	۲۱	۲۹	۰	۰	۴۲	۸	۰	۰	۰	۵۰	
سوار	۷۲	۵۳	۵۸	۳۰	۲۱۳	۸۳	۳۹	۲۷	۶	۴	۹۰	۵۲	۱۲۵	۸۴	۱۳۸	۸۰	۴	۷	۰	۲۰۷	۰	۰	۰	۰	۲۱۸	
ٹانڈہ	[illegible]	۶۷	۵۷	۵۶	۲۳۹	۱۱۱	۱۲۸	۳۳	۴۳	۴	۴	۴۵	۳۶	۸۳	۸۳	۸۴	۸۲	۰	۰	۰	۱۶۶	۰	۰	۰	۱۲۶	
میزان	۵۹۲	۷۱۲	۳۴۶	۵۷۹	۲۲۹۶	۹۰۶	۱۳۹۲	۲۳۳	۱۷۲	۵۵	۲۰۵	۶۲۵	۶۳۶	۱۰۲۰	۸۰۰	۹۵۲	۸۶۹	۳۰	۳۸	۱۹۳	۱۵۳۴	۲	۰	۰	۱۸۲۰	